© rasailojaraid.com



# پڑھنے کی صلاحیت کو کیسے بہتر بنایا جائے

یہ اطلاعات اور معلومات کا دور ہے۔ ایک سیلاب کی کیفیت ہے۔ اس میں سے ہمیں اپنے کام کی چیزیں تلاش کرنی ہیں۔ اپنے کام کو احسن انداز سے کرنے کے لیے ہمیں اپنے اردگرد ہونے والی تبدیلیوں سے باخبر رہنا پڑتا ہے اور مختلف موضوعات پر دستیاب معلومات کا مطالعہ کرنا پڑتا ہے۔ بالعموم لوگ پڑھنے میں تساہل پسندی کا شکار دکھائی دیتے ہیں۔ آیئے دیکھتے ہیں کہ ہم اپنی پڑھنے کی صلاحیت کو کس طرح بہتر اور مؤثر بنا سکتے ہیں۔

۱- جب بھی کوئی کتاب پڑھیں آپ کے پیشِ نظر یہ مقصد ہونا چاہیے کہ یہ کتاب کس طرح عملی زندگی میں رہنمائی کر سکتی ہے۔

۲- توجہ اور دلجمعی سے پڑھنے کی عادت ڈالیں۔ پڑھتے وقت تخیل کی پرواز نہ کریں۔ مکمل انہماک کے ساتھ پڑھیں۔

۳- ہر لفظ پڑھنا ضروری نہیں ہوتا۔ مکمل فقرے کو پڑھیں، مفہوم واضح ہوتا چلا جائے گا۔

۴- جتنا بہتر آپ کا ذخیرہ الفاظ (vocabulary) ہوگا، اتنی ہی آسانی اور تیزی سے آپ پڑھ اور سمجھ سکیں گے۔

۵- کتاب آپ کی بہترین دوست ہے۔ اس تعلق کو مضبوط بنا کر دوستی کا حق ادا کریں۔

۶- اگر آپ پڑھنے میں دقت محسوس کرتے ہیں تو ابتدائی طور پر ۱۵، ۲۰ منٹ تک پڑھیں اور پھر بتدریج اپنی رفتار کو بڑھائیں۔

۷- ایک چیز کو بار بار نہ پڑھیں۔ جہاں آپ مشکل محسوس کریں وہاں کتاب میں دیے گئے کسی دوسرے موضوع کو پڑھنا شروع کر دیں۔

۸- کوئی بھی کتاب مکمل پڑھنا ضروری نہیں۔ عنوان دیکھ کر آپ فیصلہ کر سکتے ہیں کہ آپ کے لیے کیا ضروری ہے اور کیا غیر ضروری۔

۹- پڑھنے کی عادت ڈالیں۔ جتنا زیادہ آپ پڑھیں گے، اتنے ہی احسن انداز میں اپنے ذاتی اور پیشہ ورانہ معاملات حل کر سکیں گے۔

۱۰- جہاں تک ممکن ہو اپنے ماحول کو صاف، روشن اور شوروغل سے پاک رکھیں، تاکہ آپ مکمل توجہ کے ساتھ پڑھ سکیں۔

سنابل العلم

© rasailojaraid.com